**24-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................اسلم بیگ

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

1۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دفعہ 370 کی توسیع کی وجہ سے تشدد اور دہشت گردی کا ماحول پیدا ہوا اور جموں وکشمیر کی ترقی میں رکاوٹیں پیدا ہوئیں۔

2۔ بھارت بائیو ٹیک نے بالغ افراد پر ٹی بی ویکسین کے کلینکل ٹرائل شروع کردیئے ہیں۔

3۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے ہولی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ وزیر دفاع نے لداخ میں سپاہیوں کے ساتھ ہولی منائی۔

4۔ نائیجیریا میں اغوا کئے گئے 300 بچوں میں سے تقریباً 137 بچوں کو جو دو ہفتے سے زیادہ عرصے تک یرغمال بنے رہے، رہا کردیا گیا ہے۔

5۔ اور آئی پی ایل میں، راجستھان رائلس نے لکھنؤ سُپر جائنٹس کو 20 رن سے ہرا دیا ہے۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

اب خبریں تفصیل سے

### Jaishankar Article 370

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا کہ دفعہ 370، بھارتی آئین کی ایک عارضی شق تھی اور اِسے توسیع دینا ملک کو نقصان پہچانا تھا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے یہ بات سنگاپور میں بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دفعہ 370 نے بہت سے ترقیاتی قوانین کو جموں وکشمیر اور لداخ میں اُس وقت توسیع دینے میں رکاوٹ ڈالی۔

S/B 2100 Jaishankar-370

روس کے ساتھ بھارت کے تعلقات پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ

بھارت کے روس کے ساتھ ہمیشہ ہی مثبت تعلقات رہے ہیں۔

S/B 2100 Jaishankar Russia

**Vaccine MTBVAC**

بھارت بائیو ٹیک انٹرنیشنل لمیٹڈ نے کہا ہے کہ اُس نے بھارت میں بالغ افراد پر تپ دِق کی ویکسین Mtbvac کے کلینکل تجربات شروع کردیئے ہیں۔ یہ تپ دِق کے علاج کیلئے پہلا ویکسین ہے جسے انسانی وسائل سے حاصل کیا گیا ہے اور جسے اسپین کی بائیو فارماسیوٹیکل کمپنی Biofabri نے تیار کیا ہے۔ کمپنی نے کہا کہ یہ تجربات بائیو فیبری کے ساتھ قریبی تال میل میں، بھارت بائیو ٹیک کر رہی ہے۔ HIV سے متاثر بالغوں میں ایک ڈوز کے نتائج مکمل کرنے کے بعد، HIV سے متاثرہ بالغان میں مرحلہ 2 کا ایک مطالعہ 2024 میں اِس بات کا تعین کرنے کیلئے شروع کیا گیا ہے کہ آیا Mtbvac اِس طرح کی آبادی پر استعمال کیلئے محفوظ ہے۔ کمپنیوں کو امید ہے کہ یہ نیا ویکسین، عالمی ویکسین کی تیاری میں ایک سنگ میل ثابت ہوگی۔ انھوں نے اسے سرکاری-نجی، قومی اور بین الاقوامی تعاون کی ایک مثال قرار دیا۔x

**TB Day**

24 مارچ وہ تاریخ ہے، جب TB کے جرثومے کی دریافت ہوئی تھی۔ 24 مارچ کا دن دنیا میں ہر سال اِس بیماری کے بارے میں لوگوں کی بیداری میں اضافے اور اسے پھیلنے سے روکنے کے مقصد سے منایا جاتا ہے۔

یہ بیماری عام طور پر پھیپھڑوں کو متاثر کرتی ہے۔ TB، گردوں، ریڑھ اور مغز جیسے دیگر جسمانی اعضاء کو بھی متاثر کرسکتی ہے۔ TB کی بیماری سے، قوت مدافعت کی کمی، ذیابیطس اور غذائیت کی کمی والے اور تمباکو کے عادی لوگ زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ 1982 میں آج ہی کے دن ڈاکٹر رابرٹ کوچ نے TB کے جرثومے کا پتہ لگایا تھا۔ TB کا عالمی دن پہلی بار 1983 میں منایا گیا تھا۔x

**Rev. Prez PM Holi**

رنگوں کا تہوار، ہولی کل پورے ملک میں منایا جائے گا۔ یہ تہوار بدی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہے اور اِس موقع پر بہار کے سیزن کی آمد منائی جاتی ہے۔ اِس روز لوگ ایک دوسرے کو گُلال یا رنگ لگاتے ہیں، ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں، مٹھائیاں تقسیم کرتے ہیں اور بزرگوں کی دعائیں لیتے ہیں۔x

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ہولی کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہولی ایک رنگ برنگا اور خوشیوں کا تہوار ہے جو لوگوں کی زندگی میں امید اور جوش پیدا کرتا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ یہ تہوار ہر ایک کیلئے رشتوں کو مضبوط کرنے کا وسیلہ ہے اور یہ بہار کی شروعات کا خیرمقدم کرتا ہے۔

اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ رنگوں کا یہ تہوار ہر کسی کی زندگی میں نئ توانائی اور جوش پیدا کرتاہے۔x

## Ladakh Rajnath Visit

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے آج مسلح فوجوں کی بہادری اور عزم کی ستائش کی ہے اور ان قربانیوں کو سراہا ہے جو انہوں نے ملک کی حفاظت کے لیے مشکل علاقوں اور سخت موسم کے دوران دی ہیں۔ لیہہ میں مسلح افواج کے ساتھ ہولی کی تقریبات منانے کے بعد جناب سنگھ نے کہا کہ اونچے پہاڑی علاقوں میں تعینات فوجیوں کا مثبت عزم، منفی درجۂ حرارت سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلح فوجیوں پر ہر شہری کو فخر ہے کیونکہ وہ اِس لیے اپنے کنبوں سے دور رہتے ہیں کہ ہم ہولی اور دیگر تہوار اپنے کنبوں کے ساتھ پرامن طریقے سے منا سکیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ملک ان فوجیوں، ان کی ہمت اور قربانیوں کے تئیں ہمیشہ قرضدار رہے گا جن سے مستقبل کی نسلوں کو تحریک ملتی رہے گی۔

S/B -2100- Rajnath Singh - Ladakh

## Sveep Kargil

لداخ میں، ایک منفرد پہل SVEEP Kargil نے کارگل کے ضلع انتخابی افسر سری کانت سُوسے کے ساتھ، جو مہمانِ خصوصی کے طور پر اس کی قیادت کر رہے ہیں، پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والوں کو راغب کرنے کیلئے Linkipal Ski Slops پر آگاہی کا ایک پروگرام منعقد کیا۔ پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے Skiers نے SVEEP پلے کارڈز کے ساتھ، ڈھلانوں پر سفر کرتے ہوئے انتخابی بیداری کی مہم کیلئے اپنی حمایت کا اظہار کیا۔ SVEEP کے ضلعی نوڈل افسر غلام رسول لعل نے رائے دہندگان کے اندراج کے عمل کو شروع کیا اور اُنھیں ECI ایپس متعارف کرائے نیز اُن پر فعال طور پر شرکت کرنے پر زور دیا۔ امبا سے پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے ایک رائے دہندہ اصغرعلی نے، جو ایک ماہر Skier ہیں، آئندہ پارلیمانی انتخابات میں شرکت کے بارے میں اپنے تجسس کے بارے میں بتایا اور ملک بھر میں اپنے ہمعصر پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے رائے دہندگان کی اپنی جمہوری ذمے داری پوری کرنے کیلئے حوصلہ افزائی کی۔x

## J&K CEO

جموں وکشمیر میں، اعلیٰ انتخابی افسر،CEO، پی کے Pole نے، آئندہ ہونے والے لوک سبھا انتخابات کیلئے تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے ڈوڈہ ضلعے کا آج دورہ کیا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اِس دورے میں مختلف سرگرمیوں کا احاطہ کیا گیا جن میں پولنگ مراکز کا معائنہ، ماڈل پولنگ اسٹیشن اور Intermediate Strong Rooms کا معائنہ کرنے جیسی سرگرمیاں شامل ہیں۔ CEO نے رہنما خطوط کی سختی کے ساتھ پیروی کرنے، ضابطۂ اخلاق کیلئے مقررہ مدت کی تعمیل کرنے اور میڈیا کی نگرانی کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ CEO نے تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ SVEEP پہل کے تحت گھر-گھر جاکر مہموں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ ووٹ ڈالنے کیلئے کام کریں۔ CEO نے متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ ریئل ٹائم اَپ ڈیٹ کیلئے Election Seizure Management System (ESMS) کی تعمیل کریں۔ ڈوڈہ ضلعے میں تقریباً 529 پولنگ کے مراکز، جبکہ ضلعے میں 9 ماڈل پولنگ مراکز ہیں۔x

### Poonch Aged Lady Home voting Faicility

ایک 87 سالہ معمر خاتون Nischint Kumari نے، جو جموں و کشمیر کے پنچھ ضلع کی رہنے والی ہیں، بھارت کے انتخابی کمیشن کا شکریہ ادا کیا ہے کہ اُس نے معمر شہریوں کے لیے، گھر سے ہی ووٹ ڈالنے کی سہولت مہیا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ Nischint Kumari کو اُن کی عمر کی وجہ سے آنے جانے اور ووٹ ڈالنے میں پریشانیوں کا سامنا تھا۔ گھر سے ہی ووٹ ڈالنے کی یہ سہولت فراہم کیے جانے پر انہوں نے یہ کہتے ہوئے خوشی اور راحت کا اظہار کیا کہ اِس سے، ملک کے جمہوری نظام میں اُن کا یقین اور زیادہ مضبوط ہو گیا ہے۔×

### Bhaduria Rao BJP

بھارتی فضائیہ کے سابق سربراہ R.K. S Bhaduria اور آندھرا پردیش کے، سابق YSRCP کے ممبر پارلیمنٹ Varaparsad Rao Vegalapalli آج نئی دلی میں،BJP میں شامل ہو گئے۔ انہیں BJP کے جنرل سکریٹری ونود تاوڑے اور مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر کی موجودگی میں، پارٹی میں شامل کیا گیا۔×

### Pral Delegation

راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش کے زیر قیادت بھارت کا ایک پارلیمانی وفد، سوئیٹزر لینڈ کے جنیوا میں بین پارلیمانی یونین IPU کی 148ویں اسمبلی میں شرکت کر رہا ہے۔ وفد نے، IPU ایشیا بحرالکاہل جیو پولیٹیکل گروپ، APGبرکس پارلیمانی کوآرڈینیشن فارم اور خواتین ارکان پارلیمان کی IPU فورم کی میٹنگوں میں شرکت کی۔ اس نے تھائی لینڈ کے پارلیمانی وفد کے ساتھ باہمی میٹنگ بھی کی۔ میٹنگ کے دوران فریقین نے باہمی مفادات کے معاملات اور باہمی پارلیمانی تعاون میں اضافہ کرنے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔x

### Gold Seized

کیرالہ میں، کسٹم حکام نے چار ہوائی مسافروں سے Paste کی شکل میں چار ہزار 435 گرام سے زیادہ سونا ضبط کیا ہے۔ یہ مسافر بینکاک سے کوچین بین الاقوامی ہوائی اڈّے پہنچے تھے۔ یہ سونا، جس کی مالیت تقریباً دو کروڑ 20 لاکھ روپئے ہے، خواتین کے کپڑوں کے اندر اور ایک مرد مسافر کی کمر کی بیلٹ میں چھپا ہوا پایا گیا جو اِن خواتین کے ساتھ سفر کر رہا تھا۔ ایک عدالت نے اِن افراد کو 15 دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دے دیا ہے۔x

### FPIs Investment

غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے اِس ماہ بھارت کی شیئر مارکیٹوں میں، پہلے سے بھی زیادہ سرمایہ کاری کی ہے۔ اِن کمپنیوں نے اِس ماہ 38 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ یہ سرمایہ کاری، عالمی اقتصادی منظرنامے کے دوران، بھارت میں زیادہ سازگار اور مضبوط حالات کے پیش نظر کی گئی ہے۔ اس سے پہلے یہ سرمایہ کاری فروری میں محض ایک ہزار 539 کروڑ روپے تھی۔

غیرملکی سرمایہ کار کمپنیاں 2024 میں شیئر مارکیٹ میں ابھی تک 13 ہزار 893 کروڑ روپے اور قرض مارکیٹ میں 55 ہزار 480 کروڑ روپے کا سرمایہ لگا چکی ہیں۔×

## Nigeria SChool Children

نائیجریا کی شمال مغربی ریاست Kaduna میں، اغوا کیے گئے تقریباً 300 بچوں میں سے 137 بچوں کو آج رہا کر دیا گیا ہے۔ دو ہفتے سے بھی زیادہ وقت ہوا جب اِن بچوں کو اغوا کیا گیا تھا۔ اِس کا انکشاف، مغربی افریقہ کی فوج نے کیا ہے۔

اِس سے پہلے ایک سرکاری بیان میں کہا گیا تھا کہ سبھی طلبا کو رہا کر دیا گیا ہے۔ اِن بچوں کو کچھ بندوق بردار 7 مارچ کو Kuriga اسکول سے اغوا کر کے جنگل میں لے گئے تھے۔ اسکول حکام نے بتایا کہ 287 طلبا کو اغوا کیا گیا تھا جن میں سے کم سے کم 100 بچے، 12 سال یا اِس سے کم عمر کے ہیں۔

نائیجریا کی فوج کے ترجمان میجر جنرل ایڈورڈ بُوبا نے ایک بیان میں کہا کہ Zamfara ریاست میں 137 بچوں کو رہا کر دیا گیا ہے۔ یہ علاقہ اغوا کی وارداتوں کی وجہ سے بدنام ہے۔

انہوں نے کہا کہ دیگر یرغمال بچوں کو تلاش کیے جانے، دہشت گردوں کو گرفتار کیے جانے اور اِن کے خلاف قانونی کارروائی کر کے اِنہیں اِن کے کیفرِکردار تک پہنچائے جانے تک کوششیں جاری رہیں گی۔ ×

## Russia Mourning

ماسکو میں ایک پُرہجوم کنسرٹ کے مقام پر جمعہ کی شام حملے میں کم سے کم 133 افراد کے ہلاک ہونے کے بعد، روس ایک دن کا سوگ منا رہا ہے۔ قومی پرچم سَرنگوں ہیں، بہت سی تقریبات کو منسوخ کردیا گیا ہے اور ٹی وی کے چینلوں نے اپنے پروگراموں کو از سر نو ترتیب دیا ہے۔ بندوق برداروں نے، Crocus City Hall میں آگ لگائی اور اَندھادُھند فائرنگ کرتے ہوئے Hall میں داخل ہوئے جس میں 140 سے زیادہ افراد زخمی بھی ہوئے۔ اسلامک اسٹیٹ گروپ نے اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات نے شمال مشرقی بھارت، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں، آج سے منگل تک مسلسل بارش اور گرج چمک ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اروناچل پردیش کے اکثر علاقوں، جموں وکشمیر، لداخ-گلگت-بلتستان، مظفرآباد کے بہت سے علاقوں اور اتراکھنڈ، ہماچل پردیش اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں کسی کسی مقام پر، ہلکی سے اوسط درجے کی بارش یا برفباری دیکھی گئی۔ مشرقی ہمالیائی خطے میں 26 سے 29 مارچ کے دوران بارش میں گرج چمک کے ساتھ اضافہ ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ جموں وکشمیر، لداخ، گلگت-بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور راجستھان میں آج کسی کسی مقام پر گرج چمک اور بجلی چمکنے کے امکان کے ساتھ، Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

شمال مغربی بھارت کے بہت سے میدانی علاقوں میں آئندہ 24 گھنٹے کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں تین سے چار ڈگری سیلسیس کی کمی جبکہ آئندہ تین دنوں کے دوران درجۂ حرارت میں دوبارہ تین سے چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ باقی شمال مغربی بھارت میں موسم کے خشک رہنے کی توقع ہے۔x

## FIFA Qualifier Cancelled

فٹبال کی عالمی گورننگ باڈی، فیفا نے جاپان اور شمالی کوریا کے درمیان عالمی کپ کوالیفائر منسوخ کردیا ہے، جسے منگل کے روز Pyongyang میں کھیلا جانا تھا۔ فیفا نے اِس فیصلے کا اعلان ہفتے کے روز اپنی ویب سائٹ پر کیا۔ اس کا کہنا ہے کہ اس نے اس کھیل کو معطل کرنے کا یہ فیصلہ، شمالی کوریا کی جانب سے کوئی متبادل مقام کی توثیق کرنے کی عدم موجودگی نیز کلینڈر میں جگہ نہ ہونے کی وجہ سے کیا ہے۔ اس اعلان کے بعد شمال کی جانب سے ایک نوٹیفکیشن سامنے آیا جس میں کہا گیا ہے کہ وہ اب مزید میچ کی میزبانی نہیں کرسکتا۔ ایشیائی فٹبال کنفیڈریشن نے جمعہ کو کہا تھا کہ نامعلوم وجوہات کے باعث یہ میچ پروگرام کے مطابق نہیں ہوسکے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شمالی کوریا، جاپان میں پھیلنے والی بیماریوں میں اضافے کے بارے تشویش میں مبتلا ہے۔x

## IPL

IPL کرکٹ میں جے پور میں سوائی مان سنگھ انڈور اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 20 رن سے ہرا دیا۔ 194 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے لکھنؤ محض 173 رن بنا سکا۔ اُس نے مقررہ 20 اوورز میں چھ وکٹ گنوائے۔

اِس سے پہلے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے راجستھان نے چار وکٹ پر 193 رن بنائے تھے۔

آج کے دوسرے میچ میں، احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں، ممبئی انڈینز نے ٹاس جیتا اور گجرات ٹائٹنس کے خلاف گیندبازی کا فیصلہ کیا۔

آخری خبریں ملنے تک گجرات ٹائٹنز نے ممبئی انڈینز کے سامنے جیت کے لیے 169 رن کا ہدف رکھا ہے۔

کل رائل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا۔ یہ میچ بینگلورو کے، ایم چنّا سوامی اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆